# 11137 ـ ایڈز کے مریض سے شادی کرنے کا حکم

**سوال**

کیا ایڈز کے مریض سے شادی کرنا جائز ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

وہ اس وقت تك شادی نہ کرے جب تك اپنی مرض کو بیان نہ کر دے، اسے واضح کرنا چاہیے کہ مجھے فلاں بیماری ہے اور اگر وہ اس پر موافق ہوں تو ٹھیك وگرنہ شادی نہ کرے، کیونکہ جب وہ سسرال والوں پر اپنے مرض کو مخفی رکھے گا تو وہ انہیں دھوکہ دے رہا ہے.

ہو سکتا ہے اس عورت سے خاوند کو یا پھر مرد سے عورت کو اور پھر ان کی اولاد میں بھی وہ بیماری منتقل ہو جائے اس لیے پہلے وضاحت کرنا ضروری ہے، لیکن اگر وہ عورت آپ پر راضی ہو جاتی ہے اور اللہ کی تقدیر پر راضی ہوتے ہوئے شادی کرتی ہے تو اس میں کوئی حرج نہیں.

واللہ اعلم .